حصول علم میں مددگار دعائیں

1. رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ o وَ یَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ o
وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ o یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ o (طٰهٰ:25-28)

اے میرے رب! میرا سینہ کھول دے اور میرا کام آسان کر دے اور میری زبان کی گرہ کھول دے تاکہ وہ میری بات سمجھ سکیں۔

2. رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا (طٰهٰ:114)

اے میرے پروردگار! میرے علم میں اضافہ فرما۔

3. اَللّٰهُمَّ فَقِّهْنِیْ فِی الدِّیْنِ (صحیح البخاری:143)

اے اللہ! مجھے دین کی سمجھ عطا فرما۔

4. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا طَیِّبًا
وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا (سنن ابن ماجہ:925)

اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم، پاکیزہ رزق اور قبول ہونے والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔

5. اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَ عَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ
وَزِدْنِیْ عِلْمًا (سنن ابن ماجہ:3833)

اے اللہ! مجھے فائدہ دے اس کے ساتھ جو تو نے مجھے سکھایا ہے اور مجھے سکھا جو میرے لیے فائدہ مند ہے اور میرے علم میں اضافہ فرما۔

6. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ وَمِنْ
قَلْبٍ لَّا یَخْشَعُ وَمِنْ نَّفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ
لَّا یُسْتَجَابُ لَهَا (صحیح مسلم:6906)

اے اللہ! بے شک میں پناہ چاہتا ہوں اس علم سے جو نفع نہ دے، اس دل سے جو نہ ڈرے، اس نفس سے جو سیر نہ ہو، اس دُعا سے جو قبول نہ کی جائے۔

7. رَبِّ هَبْ لِیْ حُکْمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ o
وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ o

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ ۝ (الشعراء:83-85)

اے میرے رب! مجھے قوت فیصلہ عطا فرما اور مجھے نیک لوگوں سے ملا دے اور بعد میں آنے والوں میں میری سچی ناموری باقی رکھ اور مجھے نعمتوں بھری جنت کے وارثوں میں سے بنا دے۔

8. اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ.
(سنن الترمذی:3483)

اے اللہ! مجھے میری سمجھ بوجھ الہام کر دے اور مجھے میرے نفس کی برائی سے بچا۔

9. اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّارْزُقْنَا اتِّبَاعَہٗ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَہٗ (تفسیر ابن کثیر: ص452)

اے اللہ! ہمیں حق کو حق دکھا اور اس پر چلنے کی توفیق عطا فرما اور باطل کو باطل دکھا اور اس سے بچنے کی توفیق عطا فرما۔

10. اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّ عَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًا وَّ عَنْ یَّسَارِیْ نُوْرًا وَّ فَوْقِیْ نُوْرًا وَّ تَحْتِیْ نُوْرًا وَّ اَمَامِیْ نُوْرًا وَّ خَلْفِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَّ فِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَّ عَصَبِیْ نُوْرًا وَّلَحْمِیْ نُوْرًا وَّ دَمِیْ نُوْرًا وَّ شَعْرِیْ نُوْرًا وَّ بَشَرِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَّ اَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا، اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا (مشکاۃ المصابیح:1195)

اے اللہ! ڈال دے میرے دل میں نور، میری آنکھوں میں نور، میرے کانوں میں نور، میرے دائیں نور، میرے بائیں نور، میرے اوپر نور، میرے نیچے نور، میرے آگے نور، میرے پیچھے نور اور بنا دے میرے لیے نور، میری زبان میں نور اور بنا دے میرے پٹھے نورانی، میرا گوشت نورانی، میرا خون نورانی، میرے بال نورانی، میری جلد نورانی اور ڈال دے میرے نفس میں نور اور بڑھا دے میرے لیے نور، اے اللہ! مجھے نور عطا فرما۔

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن

اسلام آباد: 7-اے کے برودی روڈ H-11/4 اسلام آباد پاکستان فون: +92-51-4866130-1 +92-51-4866125-9

کراچی: 30-اے سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی پاکستان فون: +92-21-34528548 +92-21-34528547

www.alhudapk.com

www.farhathashmi.com

05010070

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION